حافظ محمد ابراہیم فانی

اشک دل وخوناب جگر

اپنے ممدوح ومحترم اور انتہائی محبوب عالم اسلام کے بطل جلیل المجاہد فی سبیل اللہ شیخ الحدیث فقیہ العصر علامہ ڈاکٹر مفتی نظام الدین صاحب شامزئی قدس سرہ کے سانحہ ارتحال پر دل مجروح کے نامکمل جذبات اور نا تمام احساسات۔ .... (فانی)

افتخار ملک و دیں راہیٔ خلد بریں　　نعمت رب برزمین راہیٔ خلد بریں
وہ قتیل بے گناہ وہ نظام الدین آہ　　مفتی شرعِ مبیں راہیٔ خلد بریں
اک فقیہہ العصر آج اک فرید الدہر آج　　ہوگئے جنت مکیں راہیٔ خلد بریں
تھے گلِ رعنائے حق عاشق وشیدائے حق　　وہ شہ بالا نشیں راہیٔ خلد بریں
بحر زخارِ علوم چار جانب جن کی دھوم　　تھے مسلّم بالیقین راہیٔ خلد بریں
وہ مجاہد سرفروش سخت جان وسخت کوش　　ہو الہ العالمین راہیٔ خلد بریں
عالم شیریں سخن شمع بزم و انجمن　　عارف زیبا جبیں راہیٔ خلد بریں
رشک و نازِ صد بہار صاحب عز و وقار　　اب وہ دنیا میں نہیں راہیٔ خلد بریں
ابر خرام نازواں جانب جنت رواں　　فادخلوھا خالدیں راہیٔ خلد بریں
ہے یہ مشہد ناگہاں حق بجانب آسمان　　''خوں ببارد برزمیں'' راہیٔ خلد بریں
آہ و زاری ہرطرف بچھ گئی ماتم کی صف　　ہرنفس فانی حزیں راہیٔ خلد بریں